اُمتِ مُسلمہ بگاڑ اور علاج

از ڈاکٹر یوسف القرضاوی - عربی سے ترجمہ: جناب منیر احمد خلیلی - ناشر: ادارۂ مطبوعات تکبیر" اے ون، تیسری منزل، فاسکو سنٹر، کیمبل اسٹریٹ، کراچی - قیمت: ۱۰/- روپے -

ڈاکٹر یوسف القرضاوی جنہوں نے مشہور کتاب "الحلال والحرام" لکھی اور جن کے قلم سے مسئلہ زکوٰۃ پر نہایت تحقیقی مجلدات شائع ہوئی ہیں - ان کے نام اور کام سے پاکستان کے ذی شعور طبقے پہلے ہی سے واقف ہیں -

اس رسالے میں ڈاکٹر صاحب نے خود فراموشی، عقلی و فکری جمود، اقتصادی قوتوں، افرادی قوتوں اور روحانی قوتوں کے تعطل سے اُمتِ مُسلمہ کے بگاڑ کا سبب قرار دیا ہے - اسی سلسلے میں احیاء کا کام کرنے والی اسلامی تحریکوں کو زیرِ گفتگو لا کر یہ بتایا ہے کہ ان کے کام میں خارجی قوتوں کی رکاوٹوں کے علاوہ داخلی طور پر ان میں خود احتسابی کا فقدان، عجلت کاری اور مبالغہ پسندی جیسی کمزوریاں اثر انداز ہیں - آخر میں ڈاکٹر صاحب نے غلبۂ اسلام کے لیے مختصر اور جامع نقشہ پیش کیا ہے -

منیر احمد خلیلی صاحب اسلامی نقطۂ نظر رکھنے کے ساتھ ساتھ اُردو کے ایک اچھے ادیب بھی ہیں - لہٰذا ترجمہ بہت اچھا ہے -

---

پیغام و دعوت اور اُمتِ مُسلمہ کی ذمہ داری

از محمد شریف قاضی - مصنف "اسوۂ حسنہ" (صدارتی ایوارڈ یافتہ) ناشر: شعبۂ پیغام و دعوتِ اسلامی، پاکستان - ساکن وڈاک خانہ بھنڈگراں، تحصیل کھاریاں، ضلع گجرات - گجرات شہر میں سرگودھا روڈ پر ظفر بک ایجنسی سے حاصل کر سکتے ہیں - قیمت: ۶/- روپے

"پیغام" سے مؤلف کی مراد پیغامِ سیرتِ پاک اور پیغامِ نبوّت و رسالت ہے - پھر اس پیغام کی تشریح و توضیح ہے - کیا ہی اچھا ہوتا کہ اس پمفلٹ کا مضمون اور بھی زیادہ سادہ انداز میں مرتب ہوتا - اور عوام کے لیے قابلِ فہم ہوتا -

---